مطبوعات

آؤمدینہ چلیں مرتبہ: حافظ نذر احمد صاحب

ناشر: مسلم اکادمی، نذر منزل ۲۹/۱۸ محمد نگر علامہ اقبال روڈ۔ لاہور

صفحات: ۱۰۸ قیمت: -/۲ روپے

زیر نظر کتاب حجاز مقدس کے دس سفرناموں کا مجموعہ ہے جو کہ دس مختلف علماء اور مشاہیر نے قلمبند کیے تھے۔ ان مشاہیر میں دنیائے اسلام کی بعض نامور شخصیتیں بھی شامل ہیں، مثلاً مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، علامہ محمد اسد، مولینا عبدالماجد دریا آبادی، مولینا نعیم صدیقی۔ یوں تو بازار میں حجاز مقدس کے کئی ایک سفرنامے موجود ہیں لیکن اس سفرنامے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ قارئین کو ایک ہی مجموعہ میں اس مقدس سفر کے مختلف تاثرات یکجا مل سکتے ہیں۔ یہ کتاب حج اور عمرہ کرنے والوں کے لیے معلومات افزا ہے۔

کتاب کے شروع میں اُن تمام سفرناموں کا تعارف دے دیا گیا ہے جن میں سے اقتباسات لے کر یہ مجموعہ مرتب کیا گیا ہے تاکہ قارئین اگر تفصیل سے مطالعہ کرنا چاہیں تو انہیں اصل کتب کی تلاش میں آسانی ہو۔

کتاب ۱۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ کتابت اور طباعت مناسب ہے۔

اسلامی عینک جناب زبیر حسن رضوی

ناشر: مکتبہ رازی ۱۱۶۰۔ پیر الٰہی بخش کالونی کراچی ۵

قیمت: درج نہیں

اس کتاب کے فاضل مصنف نے مختلف آیات قرآنی اور احادیث کو جس طرح سمجھا ہے اُن کی وضاحت اور تشریح اس کتاب میں کر دی ہے۔ مصنف کو خود اعتراف ہے کہ اس کتاب میں جو کچھ لکھا گیا ہے (باقی برصفحہ ۴۸)